اگو پروڈکشن کا بہترین شاہکار

अलहिलाल

الہلال

اداکاران:-

شکیلہ - جمی بال، ہیرالال - شیخ - سلوچنا - وغیرہ وغیرہ -

قیمت ایک آنہ

رتن اینڈ کو بکسیلرز، دریبہ کلاں دہلی

ڈائرکٹر :۔ اکو

میوزک :۔ بلوسرفی

گا البیلا کے لے

سنگر اسمعیل آزاد قوال

(کلام شغیبن)

ہمیں تو لوٹ لیا مل کے حسن والوں نے ۔ کالے کالے بالوں نے گورے گورے گالوں نے
نظر میں شوخیاں اور بچپنا شرارت میں
ادائیں دیکھ کے ہم پھنس گئے مصیبت میں
ہم اپنی جان سے جائیں گے جس کی الفت میں
یقین ہے کہ نہ جائینگے وہی میت میں، خدا سوال کریگا اگر قیامت میں
تو ہم بھی کہہ دینگے ہم لٹ گئے شرافت میں ۔ ہمیں . . .
وہیں وہیں پہ قیامت ہو وہ جدھر جائیں، جھکی جھکی نظروں سے کام کر جائیں
تڑپتا چھوڑ دیں راستے میں اور گذر جائیں، ستم تو یہ ہے کہ دل لیں بھی اور مکر جائیں
سمجھ میں نہیں آتا کہ ہم کدھر جائیں، یہی ارادہ ہے یہ کہہ دیں ہم تو مر جائیں ۔ ہمیں . .
وفا کے نام پہ مارا ہے بے وفاؤں نے، کہ دم ہمکو نہ لینے دیا جفاؤں نے
خدا بھلا دیا ان حسن کے خداؤں نے، مٹا کے چھوڑ دیا عشق کی خطاؤں نے
اڑائے ہوش کبھی ظلم کی ہواؤں نے، ہمارے لاج نے لوٹا کبھی اداؤں نے ۔ ہمیں . .
ہزار دل لٹ گئے نظروں کے ایک اشارے پر، ہزاروں بہہ گئے طوفان بن کے دھارے پر
نہ بٹکے دھڑکن کا کچھ ٹھیک ہے نہ باتوں کا، فسانہ ہوتا ہے ان کا ہزار راتوں کا

ہت حسین ہے ویسے ہی بھولا پن اُن کا۔ بھرا ہوا ہے مگر زہر سے بدن اُن کا
بس کو کاٹ لے پانی وہ نہیں سکتا، دوا تو کیا ہے دعا سے بھی جی نہیں سکتا
نہیں کے جانے ہوئے ہیں ہم بھی زمانے میں، یہ چار لفظ محبت کے ایک فسانے میں
جہاں انکو سمجھتا ہے نیک اور معصوم، مگر یہ کیسے ہیں کیا ہیں کسی کو کیا معلوم
نہیں نہ تیر نہ تلوار کی ضرورت ہے، شکار کرنے کو کافی نگاہیں اُلفت سے
ظر سے کرلیتے ہیں باتیں کمال کرتے ہیں، ہر ایک بات میں مطلب ہزار رکھتے ہیں
یہ سیدھے سادھے بڑے ہوشیار ہوتے ہیں

خدا بچائے حسینوں کی تیز چالوں سے
پڑے کسی کا بھی پالا نہ حسن والوں سے۔ ہمیں تو .....

حسن والوں میں محبت کی کمی ہوتی ہے، چاہنے والوں کی تقدیر بُری ہوتی ہے
ان کی باتوں میں بناوٹ ہی بناوٹ دیکھی، شرم آنکھوں میں نگاہوں میں لگاوٹ دیکھی
آگ پہلے تو محبت کی لگا دیتے ہیں۔ اپنے رخسار کا دیوانہ بنا دیتے ہیں
دوستی کر کے پھر انجان نظر آتے ہیں، سچ تو یہ ہے کہ بے ایمان نظر آتے ہیں
موت سے کم نہیں دنیا میں محبت انکی، زندگی ہوتی ہے برباد بدولت انکی
دن بہاروں میں گذرتے ہیں مگر مر مر کے، لُٹ گئے ہم تو حسینوں پہ بھروسہ کر کے

کمسابہ

چاقو والا، چھری والا، چاقو والا، او۔ او۔ او، آیا میں مستانہ، دیوانہ دیوانہ۔۔
دیوانہ، چھری والا، چاقو والا

بہاروں کے پیام آئے، ستاروں کے سلام آئے
یہ گھڑی ہو مبارک یہ خوشی ہو مبارک۔ آیا میں۔ ۔
کسے معلوم کب کس نے لگا لے جام ہونٹوں کو
وہ گول گول ... یں، موت کی ہیں رہیں رہیں۔ آیا۔ ۔ ۔
بھروسہ کیا حسینوں پر، جو جل بیٹھے وہاں دلبر
صورت بھولی بھالی ادا ہے نرالی

نمبر ۱۲

چھڑی والا چاقو والا چھڑی والا، او آیا میں ستانہ دلیرانہ دلیرانہ دیوانہ
چھڑی والا، چاقو والا، چھڑی وال
دل والوں کا ہے سودا دل دیجا یا دل لیجا
بُرا نہیں سودا نہ پھر آئے موقع، یہ موقع موقع۔ او آیا۔ ۔ ۔ ۔
نگاہوں میں چھپے چاقو اداؤں میں بھرے جادو
بچے کوئی کیسے حسین ہوں جب ایسے ایسے ایسے۔ او آیا۔ ۔ ۔
موسم ہے محبت کا دھندا ہے معیت کا
او دل والے آجا نظر تو ملا جا ملا جا مل جا۔ او۔ ۔ ۔

نمبر ۱۳۔ نہ شکوہ ہے نہ کوئی شکایت او اللہ او اللہ
آنکھ تیری سرکار میں نظرانے دے چلے ہم تیرا نام لینے کا جرمانہ دے چلے
سب کچھ لٹا دیا تیرے دامن کو تھام کر مٹ کر دکھا دیا ہے تجھے تیرے نام پر

دُنیا رکھیگی یاد وہ افسانہ دے چلیے۔ آنکھ . . .

یہ آرزو کا محل تمناؤں کا چمن، بازار حسرتوں کے اُمیدوں کا یہ وطن
ہم سے یہ پوچھے کوئی کیا کیا نہ دے چلیے۔ آنکھ . . .

دُنیا میں ہم رہے نہ رہیں تیرا نام ہو، ہر دل میں ہر زبان پر تیرا پیام ہو
دیکھ اذاں نہ گئے مستانہ دے چلیے۔ آنکھ . . .

نمبر ۴

اماں میں بڑا ہو کر بہت کام کروں گا
اللہ کے بندوں میں بڑا نام کروں گا۔ اماں . . .
اب ظلم غریبوں پہ ہونے نہیں دونگا۔ مظلوموں کے مزدوروں کو بدلنے نہیں دونگا
دولت کے خداؤں کو مٹا دوں گا جہاں سے
سوئی ہوئی قسمت کو جگا دوں گا اذاں سے۔ اماں
ایماں کی کشتی کا میں ملاح بنونگا، طوفاں کے تھپیڑے سے نہ پیچھے ہٹونگا
ساحل پہ پہنچ جاونگا موجوں کو کچل کر
افلاک کو چھولوں گا زمیں سے اُچھل کر۔ اماں . . .
تلوار میں گھس جاونگا پرواہ نہ کروں گا
سینے میں لگے تیر تو سسکی نہ بھروں گا
اللہ کی راہوں میں قدم رُک نہ سکیگا، سر تن سے جُدا ہوگا مگر جُھک نہ سکیگا

نمبر ۵ بہ لڑکی :۔ دل سے جو بات نکلتی ہے اثر رکھتی ہے

پر نہیں تا کنے پرواز مگر رکھتی ہے

لڑکا: مدد کر ... مدد کر ... مدد کی گھڑی ہے

تیرے نام پر آج بات آپڑی ہے

بگڑی ہے بات بنادے بگڑی کے بنانے والے

آنکھوں کا ننگ لیے نظروں کو نذر دیدے۔ بگڑی لینے ...

لڑکی: تو نے اگر نہ میری سُنی کیا کہیں گے لوگ، لڑکا: تجھکو اور تجھکو بھی جو ناٹک کہیں گے

دونوں: بندوں کی لاج رکھ لے عزت تو آج رکھ لے۔ بگڑی ...

لڑکی: ایسا تو غم نہیں ہمیں اس بات کا ہے ڈر

لڑکا: الزام نہ آجائے کہیں تیرے نام پر

دونوں: دل کی پکار سُن لے پروردگار سُن لے۔ آنکھ کا ... بگڑی ...

نمبر ۶: لڑکا: تم ہو دل کے چور کرلے شور ہمیں پہچان لیا۔ لڑکی: ہو ہو ہم ہیں

آج کھلا یہ راز ہمارا، راز کسی نے جان لیا۔ لڑکی: ہو ہو ہو ہاں

بیدرد نے دیکھے درد کیا دل سرد نگاہیں پھیر کے

لڑکی: تیری چاہ نے دل کی آہ نے لوٹا راہ میں ہمکو گھیر کے

لڑکا: لاکھ بچایا بچ نہیں پایا دل یہ ہمارا تم پر آیا۔ لڑکی: تم ہو دل کے چور ...

لڑکا: او دست نظر جانی ہے کدھر اک تیر سا دل پر مار کے۔ لڑکی: یہ نام نہ ہو بدنام نہ کر الزام دھر کے پیار کا

راز ہمارا تم نے جانا جان نہ لے بیدرد زمانہ تم ہو دل کے چور

لڑکا: شرما کے نہ جا گھبرا کے نہ جا اقرار تو کر لے پیار کا

لڑکی: جب آنکھ جھکیں اور لب نہ ہلیں یہ مطلب ہے اقرار کا

دونوں: نیچی نگاہیں دل کی کہانی پیار کی ہے یہ خاص نشانی۔ تم ہو ... (ختم شد)

مشہور و معروف تھیٹریکل ڈرامے

محبت کا پھول	1/4/-	سورداس	1/-/-
جلاد عاشق	1/4/-	ویرابھیمنیو	1/8/-
لیلےٰ مجنوں	1/-/-	شرون کمار	1/-/-
سلطانہ ڈاکو	-/12/-	شاہی لکڑہارا	1/-/-
آزادی	1/-/-	مہارانا پرتاپ	1/4/-
امر سنگھ راٹھور	1/-/-	یہودی کی لڑکی	1/4/-
راجہ ہریشچندر	-/12/-	باوفا قاتل	1/4/-

نایاب ڈاکٹری اور طبی کتابیں

طبی فارموکوپیا	3/-/-	میٹیریا میڈیکا	5/-/-
مجربات حکیم لقمان	5/-/-	مخزن حکمت جدید	5/-/-
مجربات سنیاسی	3/-/-	اکسیری نسخے	-/12/-
میڈیکل گائیڈ	5/-/-	طلسمی نسخے	-/12/-
کمپونڈر گائیڈ	5/-/-	جبری نسخے	-/12/-

منگانے کا پتہ } رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

تصنیفات کویراج ہرنام داس بی۔اے

ہدایت نامہ خاوند	1/-/-	ہدایت نامہ غذا	1/8/-
ہدایت نامہ بیوی	1/8/-	ہدایت نامہ والدین	1/8/-
ہدایت نامہ صحت	1/8/-	محافظ جوانی	-/4/-

شہادت کی کتابیں اور جنگ نامے

ذکر الشہادتین	1/-/-	جنگ نامہ کربلا	1/-/-
مجموعہ شہادت	-/12/-	جنگ نامہ حضرت علی	-/12/-
شہادت نامہ کلاں	-/6/-	جنگ زیتون محمد حنیف	-/8/-
شہادت نامہ خورد	-/3/-	جنگ نامہ شہر بابل	-/12/-
سیدہ کا لعل	2/-/-	جنگ نامہ توران	-/8/-
آمنہ کا لعل	1/-/-	جنگ نامہ قلعہ خیبر	-/6/-
فاطمہ کا لعل	2/-/-	روایت شیریں	-/5/-
فاطمہ کا چاند	2/-/-	پیام صغرا	-/3/-
شہیدان کربلا	1/-/-	حضرت قاسم	-/3/-

رتن اینڈ کو بکسیلرز، دریبہ کلاں دہلی

(الہ آباد برقی پریس دہلی)